Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

12 اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس
- چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی اٹک سے اڈیالہ جیل منتقلی اور انہیں گھر کا کھانہ فراہم کرنے کے حوالے سے عدالتی فیصلے میں التواء پر نہایت مایوسی اور شدید افسوس کا اظہار
- چیئرمین عمران خان کی درخواستِ ضمانت کی سماعت پر غیر ضروری اور بلاجواز تاخیر پر بھی گہری تشویش کا اظہار
- چیئرمین عمران خان کی صحت و سلامتی خصوصاً ان کی جان کو لاحق خطرات پر سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کرنے کی شدید مذمت
- ملکی عدالتی کے بدترین روزانہ کی بنیاد پر ٹرائل کے نتیجے میں ایک متنازعہ فیصلے کے ذریعے سابق وزیراعظم کو قید میں ڈالا گیا
- پے درپے کئے جانے والے ناقص فیصلوں اور متنازعہ ٹرائلز کی روشنی میں چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کی جانبداریت اور تعصّب نمایاں ہورہاہے
- انصاف اور عدالت کی ساکھ کیلئے جسٹس عامر فاروق خود کو سابق وزیراعظم کے حوالے سے مقدمات سے فوری طور پر الگ کریں اور غیر جانبدار ججز کو فیصلوں کا موقع دیں
- کور کمیٹی کی جانب سے چیئرمین عمران خان کی خصوصی ہدایت پر یومِ آزادی کے جشن کی تیاریوں میں مصروف تحریک انصاف کے کارکنان کیخلاف کریک ڈاؤن کے نئے سلسلے کی شدید مذمت
- تحریک انصاف کے جھنڈوں کی فروخت پر پابندی اور کارکنان کو بدترین انتقام کا نشانہ بنانے کی بھی شدید مذمت

Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

- ملکی تاریخ میں عوام میں مقبول ترین سیاسی جماعت کو جشنِ آزادی سے روکنے کی ایسی مثال اس سے پہلے موجود نہیں
- ظلم اور جبر کے کسی سلسلۂ ناروا کے سامنے جھکیں گے نہ ہی آزادی کا جشن منانے یا حقیقی آزادی کی منزل کے حصول سے دستبردار ہوں گے
- جشنِ آزادی کے دوران قومی پرچم جلائے جانے یا اسی نوعیّت کی کسی شر انگیزی کے امکانات کا بھی جائزہ
- کوئی محبِ وطن قومی پرچم کی بے حرمتی کا تصور بھی نہیں کر سکتا
- کارکنان چیئرمین عمران خان کی خصوصی ہدایت پر جشنِ آزادی مناتے ہوئے شر انگیزوں پر نگاہ اور ان سے اپنی صفوں کو پاک رکھیں
- اگر کسی شخص کو قومی پرچم کو جلانے یا اس کی بے حرمتی کرتا دیکھیں تو قومی فریضے کے تحت اسے پکڑ کر پولیس کے حوالے کریں
- اجلاس میں خیبر پختونخوا میں نگران حکومت کے نام پر رچائے گئے تماشے کا بھی مفصل جائزہ
- نگران حکومتوں کی تشکیل کی آڑ میں پہلے بدترین سیاسی بندر بانٹ کی گئی جس کا اعتراف پی ڈی ایم کی تینوں بڑی جماعتوں نے کیا
- بیک جنبشِ قلم 26 رکنی کابینہ کو فارغ کئے جانے نے بھی بہت سے سوالات کو جنم دیا ہے
- اس سلسلے میں الیکشن کمیشن کے کردار پر بھی بیشمار سوالات نے جنم لیا ہے جس کا جواب اسے دینا پڑے گا
- 206 روز تک ان نگرانوں کو آئین و قانون کی دھجیاں اڑنے والوں سے قوم جواب مانگتی ہے

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ